# آوٹیروا میں نفرت کے خلاف ایک ساتھ کھڑے ہونا

نفرت کسی کو بھی متاثر کر سکتی ہے اور یہ ہم سب کو، ہمارے دوستوں کو، ہمارے whānau اور ہماری کمیونٹیوں کو نقصان پہنچا سکتی ہے۔



## آپ کیا کر سکتے ہیں؟

نفرت سے واسطہ پڑنا ہماری کمیونٹیز کے لیے بے پناہ نقصان اور خوف کا باعث بن سکتا ہے۔ اگر آپ ، آپ کے دوست یا whānau نفرت انگیز رویے سے متاثر ہوئے ہیں تو **معاونت**، **ریکارڈ** اور **رپورٹ** کرنا ضروری ہے۔

### 1. مدد

اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ اور دوسرے تمام متاثرہ افراد مجرم سے دور ایک محفوظ جگہ پر ہیں۔ اگر آپ گواہ ہیں، تو متاثرہ شخص کو واضح طور پر بتائیں کہ وہ اکیلا نہیں ہے اور آپ اس کی مدد کے لئے موجود ہیں۔

### 2. ریکارڈ کریں

تحقیقات ہونے کی صورت میں واقعے کا ریکارڈ یا محفوظ کیا گیا کوئی بھی ثبوت اہم ثابت ہوسکتا ہے۔ اگر محفوظ انداز میں کرنا ممکن ہو تو آپ یہ کر سکتے ہیں:

- ویڈیو ریکارڈ کریں یا واقعے کی تصاویر لے لیں
- کوئی بھی مادّی (physical) ثبوت محفوظ کرلیں
- واقعے کا وقت ،مقام اور لوگوں (یا لوگوں کی وضع قطع) کی تفصیلات لکھ لیں۔

### 3. رپورٹ کریں

آپ کسی ایجنسی کو براہ راست رپورٹ کرسکتے ہیں یا اتھارٹی رکھنے والے قریب ترین شخص یا کسی ذمہ دار شخص کو اس بارے میں بتا سکتے ہیں - یہ بس ڈرائیور، سیکیورٹی گارڈ یا استقبالیہ ڈیسک ہوسکتا ہے۔ آپ کسی ایسے شخص کو بھی بتا سکتے ہیں جس پر آپ اعتماد کرتے ہیں اور جو واقعے کی اطلاع دینے میں آپ کی مدد اور معاونت کرسکتا ہے۔

**اگر کوئی شخص خطرے میں ہو تو 111 پر کال کریں۔**

رپورٹنگ ہماری کمیونٹیوں کو محفوظ، مضبوط اور معاونت یافتہ رکھنے میں مدد کرتی ہے۔

Te Kāwanatanga o Aotearoa
New Zealand Government

NEW ZEALAND POLICE
Ngā Pirihimana o Aotearoa

CRIME STOPPERS
Aukati Takahi Ture

Te Tari Taiwhenua
Internal Affairs

Manaaki Tāngata
Victim Support

netsafe
netsafe.org.nz

certnz

Te Kāhui Tika Tangata
Human Rights Commission

## اگر آپ کو شبہ ہو کہ آپ، آپ کے جاننے والے شخص، یا کسی گروپ کو اس کی نسل، مذہب، صنفی شناخت، جنسی رجحان، عمر، معذوری، یا اس کی شناخت کے کسی اور حصے کی وجہ سے نشانہ بنایا جا رہا ہے تو اس کی رپورٹ کرنا یا اطلاع دینا ضروری ہے۔

نفرت کو کئی مختلف طرح کے طرز عمل میں دیکھا جا سکتا ہے۔ تکلیف دہ نام پکارنے سے لے کر دھمکیوں، ہراساں کرنے، آن لائن بدسلوکی، مجرمانہ نقصان، حملے اور جنسی تشدد تک۔ ان کارروائیوں کا مقصد فرد\افراد اور وسیع تر کمیونٹیوں کو محض ان کی شناخت کی وجہ سے نقصان پہنچانا یا ان میں خوف پیدا کرنا ہے۔

رپورٹنگ نفرت سے ہونے والے نقصان کو کم کرتی ہے اور اس حقیقت کا ایک بڑا نقشہ پیش کرتی ہے کہ نفرت ہمارے ملک کو کس طرح متاثر کر رہی ہے۔ رپورٹنگ سے ایجنسیوں کو اس طرز عمل کو ٹریک کرنے اور روکنے کے ساتھ ساتھ متاثرہ افراد کومعاونت فراہم کرنے میں مدد ملتی ہے۔



# رپورٹ

اگر آپ رپورٹ نہیں کریں گے تو ہم مدد نہیں کر سکتے۔

ہم جانتے ہیں کہ ایسے واقعات کے بارے میں بات کرنا مشکل ہوسکتا ہے۔ آپ کے پاس رپورٹ کرنے اور مدد تلاش کرنے کے لئے بہت سے اختیارات ہیں ، بشمول جہاں آپ محفوظ اور گمنام رہ کر بات کرسکتے ہیں۔

### پولیس

اگر کسی شخص کو خطرہ ہے یا اس وقت کوئی واقعہ پیش آ رہا ہے تو فوری طور پر 111 پر کال کریں۔

اگر کوئی واقعہ پہلے ہو چکا ہے اور کسی کو بھی فوری خطرہ نہیں ہے تو 105.police.govt.nz پر اسے آن لائن رپورٹ کریں

### Netsafe

Netsafe آن لائن حفاظت کے لیے نیوزی لینڈ کی ایک آزاد اور غیر منافع بخش تنظیم ہے۔ آپ آن لائن بدسلوکی، تنگ کیے جانے اور ہراسانی سمیت مختلف مسائل کی اطلاع دے سکتے ہیں۔

netsafe.org.nz/report پر جائیں

یا 0508 NETSAFE (0508 638 723) پر کال کریں

### محکمۂ داخلی امور: آن لائن پرتشدد انتہا پسندی کا مقابلہ

DIA میں ڈیجیٹل پرتشدد انتہا پسندی کی ٹیم نیوزی لینڈ کے شہریوں کو آن لائن نقصان سے محفوظ رکھنے کے لئے ذمہ دار ہے اور اس مقصد کے لیے یہ ٹیم پرتشدد انتہا پسندی کو فروغ دینے یا اس کی حوصلہ افزائی کرنے والے قابل اعتراض مواد کے خلاف اقدامات اٹھاتی ہے اور اس کے پھیلاؤ کو روکتی ہے۔

dia.govt.nz/Countering-Violent-Extremism پر جائیں

### کرائم اسٹاپرز

کرائم اسٹاپرز ایک خودمختار فلاحی ادارہ ہے جو محفوظ انداز میں بے نام رہتے ہوئے بولنے اور رپورٹ کرنے کا ایک موقع فراہم کرتا ہے۔

وہ آپ کی فراہم کردہ معلومات ایک درست تنظیم کو فراہم کرسکتے ہیں اور وہ محض یہ جاننا چاہتے ہیں کہ آپ کیا جانتے ہیں، وہ آپ کی شناخت میں دلچسپی نہیں رکھتے۔

crimestoppers-nz.org/report پر جائیں

یا کال لینے والے کسی تجربہ کار آپریٹر سے بات کرنے کے لئے 0800 555 111 پر کال کریں۔

### Te Kāhui Tika Tangata
### انسانی حقوق کمیشن

انسانی حقوق کا کمیشن غیر قانونی امتیاز، جنسی اور نسلی ہراسانی، اور نقصان دہ تقریر کے بارے میں پوچھ گچھ اور شکایات میں مدد کے لئے ایک مفت اور رازدارانہ خدمت کی پیشکش کرتا ہے۔

tikatangata.org.nz پر جائیں

یا 0800 496 877پر کال کریں

### CERT NZ

CERT NZ نیوزی لینڈ میں سائبر سکیورٹی کے خطرات کے سلسلے میں اقدامات اٹھاتا ہے۔ وہ سائبر سکیورٹی کے واقعات سے متاثرہ لوگوں کی مدد کرتے ہیں، اور معلومات اور مشورہ فراہم کرتے ہیں۔

cert.govt.nz/report پر جائیں

# معاونت

آپ کو کبھی بھی یہ محسوس کرنے کی ضرورت نہیں ہے کہ آپ اکیلے ہیں.
مدد ہمیشہ دستیاب ہے۔

### Victim Support (متاثرین کی مدد)

اگر آپ کسی جرم کا شکار ہوئے ہیں، چاہے وہ کتنا ہی سنجیدہ کیوں نہ ہو، مدد دستیاب ہے۔ Victim Support آپ کو جرم کے جذباتی اور عملی اثرات سے نبٹنے میں مدد دے سکتی ہے اور قانونی عمل کو سمجھنے میں آپ کی مدد کرنے کے لئے معلومات فراہم کر سکتی ہے۔

victimsupport.org.nz پر جائیں

یا 0800 842 846 پر کال کریں

### ذہنی صحت کے سلسلے میں مدد

مدد کے لئے بہت سے وسائل اور خدمات دستیاب ہیں ، بشمول فون اور آن لائن خدمات اور معلومات ، اور روبرو مشاورت۔

ڈپریشن ہیلپ لائن
کال 0800 111 757
ٹیکسٹ 4202
وزٹ depression.org.nz

1737
کال یا ٹیکسٹ 1737
1737.org.nz

خودکشی کے بحران کی ہیلپ لائن
کال 0508 TAUTOKO

The Lowdown
کال 0800 111 757
ٹیکسٹ 5626
وزٹ thelowdown.co.nz

لائف لائن
کال 0800 LIFELINE
ٹیکسٹ ہیلپ یا 4357
وزٹ lifeline.org.nz

### کمیونٹی سپورٹ

Neighbourhood Support
محفوظ، لچکدار اور آپس میں جڑی ہوئی کمیونٹیوں کی تشکیل کے لئے محلے کو اکٹھا کرنے کی غرض سے پولیس کے ساتھ مل کر کام کرتی ہے۔

neighbourhoodsupport.co.nz پر جائیں

یا 0800 4 NEIGHBOURS پر کال کریں

#### پولیس رابطہ افسران

Iwi رابطہ افسران
ثقافتی مسائل کو حل کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں اور ماؤری افراد کے ساتھ پولیس کے تعلقات کو بہتر بنانے کے لئے کام کرتے ہیں۔

ایتھنک اور پیسفک رابطہ افسران
ملک بھر میں کمیونٹیوں میں کام کرتے ہیں، وہ آپ کے خدشات کو سنتے ہیں اور آپ کی کمیونٹیوں میں حفاظت کو بہتر بنانے کے لئے کام کرتے ہیں۔

تنوع کے لیے رابطہ افسران
پولیس اور ہماری کمیونٹی میں ایسے لوگوں کے درمیان رابطہ فراہم کرتے ہیں جو خود کو ہم جنس پرستوں مردوں یا عورتوں، ٹرانس جینڈر، انٹر سیکس اور کوئیر کے طور پر شناخت کرتے ہیں۔

اپنے مقامی رابطہ افسر سے رابطہ کرنے کے لیے police.govt.nz/contact-us/local-contacts پر جائیں